**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**

**36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

12 ستمبر 2025ء

# پریس ریلیز

## ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل کی وحشیانہ درندگی کے خلاف مسلم ممالک کا اتحاد اور عسکری کارروائی انتہائی ضروری ہے۔
## گلوبل صمود فلوٹیلا پر اسرائیل کا دوسری مرتبہ حملہ کرنا انتہائی شرمناک ہے۔
## نتن یاہو کا حماس کی قیادت کو صفحۂ ہستی سے مٹانے کے لیے قطر پر دوبارہ حملہ کرنے کا عندیہ دینا انتہائی تشویش ناک ہے۔
## (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل کی وحشیانہ درندگی کے خلاف مسلم ممالک کا اتحاد اور عسکری کارروائی انتہائی ضروری ہے۔ گلوبل صمود فلوٹیلا پر اسرائیل کا دوسری مرتبہ حملہ کرنا انتہائی شرمناک ہے۔ نتن یاہو کا حماس کی قیادت کو صفحۂ ہستی سے مٹانے کے لیے قطر پر دوبارہ حملہ کرنے کا عندیہ دینا انتہائی تشویش ناک ہے۔ ان خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ فلسطین پر قبضہ جمائے ظالم صہیونی ریاست اسرائیل بھوک کو ہتھیار کے طور پر غزہ میں نسل کُشی کے لیے استعمال کر رہی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اسرائیل کو انسانیت کے خلاف مسلسل جرائم میں امریکہ، برطانیہ اور بھارت کی بھرپور معاونت حاصل ہے۔ نتن یاہو اپنے 'تاریخی' اور 'روحانی' مشن یعنی گریٹر اسرائیل کے قیام کے شیطانی منصوبے پر تیزی سے عمل درآمد کر رہا ہے۔ گزشتہ 72 گھنٹوں کے دوران اسرائیل نے قطر، لبنان، شام، تیونس اور یمن پر حملہ کر کے درجنوں افراد شہید اور سینکڑوں زخمی کر دیئے ہیں۔ غزہ کے محصور اور مظلوم شہریوں کو خوراک پہنچانے کی غرض سے گلوبل صمود فلوٹیلا پر اسرائیل کا دوسری مرتبہ حملہ کرنا انتہائی شرمناک ہے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ عرب ممالک اپنی سیکیورٹی کو امریکہ کے سپرد کرنے کا خمیازہ بھگت رہے ہیں۔ وہ خطیر رقوم اور تحائف جو ٹرمپ کے دورۂ مشرق وسطیٰ کے موقع پر عرب ممالک نے تاوان کے طور پر دیے تھے، انہی کو امریکہ اسرائیل کے سپرد کر رہا ہے تاکہ جنگ کو بڑھایا جائے۔ اِسی دوران اسلام دشمن اسرائیلی وزیر خزانہ بذالیل سموٹریچ کا دورۂ بھارت جس میں دونوں ممالک نے سائبر سیکیورٹی اور جدید ٹیکنالوجی کے حوالے سے کئی باہمی معاہدے کیے ہیں انتہائی معنی خیز ہے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ حقیقت یہ ہے کہ اسرائیل کو ابلیسیت سے روکنے اور اُسے دندان شکن جواب دینے کے لیے تمام مسلم ممالک کو دشمن کے خلاف عملی اقدام کرنے کے لیے ایک مؤثر اتحاد قائم کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر نیٹو جیسا اسلام دشمن اتحاد بن سکتا ہے تو مسلم ممالک عسکری اتحاد کیوں نہیں بنا سکتے، جس کا بنیادی ایجنڈا اسرائیل کے خلاف بھرپور عسکری کارروائی کرنا ہو۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل کا اگلا ہدف پاکستان کے ایٹمی پروگرام اور میزائل ٹیکنالوجی پر کاری ضرب لگانا ہے، لٰہذا ہماری سیاسی اور عسکری قیادتوں کو ہر دم چوکنا رہنا ہوگا۔ دشمن کے ہر وار کا منہ توڑ جواب دینے کے لیے اپنی نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کے ساتھ ساتھ بھرپور عسکری تیاری کرنے کی اشد ضرورت ہے۔

**جاری کردہ**
**رضاء الحق**
**مرکزی ناظم نشرواشاعت**

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: September 12th, 2025**

**The unity of Muslim countries and a decisive military response is essential against the savage brutality of the illegitimate Zionist state of Israel.**
**Israel's second attack on the Global Samood Flotilla is utterly disgraceful.**
**Netanyahu's indication of striking Qatar again to annihilate the leadership of Hamas is deeply alarming.**
**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR):** This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, who said that the illegitimate Zionist state of Israel, entrenched in occupied Palestine, is weaponizing hunger to carry out genocide in Gaza. The fact remains that Israel enjoys the full support of America, Britain, and India in its continuous crimes against humanity. Netanyahu is rapidly advancing his so-called 'historic' and 'spiritual' mission — the satanic project of establishing Greater Israel. Over the past 72 hours, Israel has attacked Qatar, Lebanon, Syria, Tunisia, and Yemen, where dozens embraced Shahadah and hundreds were injured. Targeting the Global Samood Flotilla, which was carrying food to the besieged and oppressed citizens of Gaza, for the second time is a disgrace of the highest order. He said that Arab states are reaping the bitter consequences of entrusting their security to America. The vast sums of money and lavish gifts handed over as tribute during Trump's visit to the Middle East are being funneled back into Israel to escalate the war. At the same time, the visit of Israel's Islamophobic Finance Minister Bezalel Smotrich to India — where multiple agreements on cybersecurity and advanced technology were signed — carries highly ominous implications. He emphasized that the reality is clear; to restrain Israel's satanic aggression and deliver a crushing response, Muslim countries must form an effective united front. If a hostile military alliance such as NATO can exist, then why can't Muslim countries establish their own military alliance with the central agenda of decisive military action against Israel? He further warned that Israel's next target is Pakistan's nuclear program and missile technology, making it imperative for our political and military leadership to remain ever vigilant. Along with protecting our ideological and geographical boundaries, robust military preparedness is urgently needed to counter every strike from the enemy with a fitting response.

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**